سوال

(471) عید قربان کی تکبیرات کے شروع اور ختم ہونے کا وقت کونسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید قربان کی تکبیرات کے شروع اور ختم ہونے کا وقت کونسا ہے؟ (ابو طاہر نذیر احمد، عبدالرشید (کراچی) (۲۳ فروری ۲۰۰۱ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے کوئی مرفوع متصل روایت نہیں ہے البتہ آثار صحابہ، حضرت علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ سے ثابت ہے کہ تکبیرات یوم عرفہ یعنی نوذوالحجہ کی صبح سے لے کر ۱۳ ذوالحجہ تک ہیں۔ (فتح الباری: ۴۶۲/۲)

یہی بات ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی ابن ابی شیبہ وغیرہ میں ثابت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 361

محدث فتویٰ